علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ متن حدیث (3960) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (درس نظامی)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 1** کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر 1- موطاامام مالک کی کتاب حسن الخلق میں مذکور تعلیمات کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے اچھے اخلاق کے بنیادی اصول، ان کی اہمیت اور فرد و معاشرے پر ان کے اثرات پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- امام محمدؒ کی علمی شخصیت، حدیث و فقہ کے میدان میں ان کی خدمات اور موطاامام محمد کی نمایاں خصوصیات کا تجزیاتی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- بیع کی شرائط کا تنقیدی مطالعہ کریں اور فقہی اصولوں کی روشنی میں واضح کریں کہ کن حالات میں شرط یا معاملے کی کوئی صورت بیع کے فساد یا عدمِ جواز کا سبب بنتی ہے۔ اپنے موقف کو احادیث اور فقہی دلائل سے مدلل کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- یونٹ نمبر 3 میں مذکور احادیث کا سلیس ترجمہ کرتے ہوئے ان سے حاصل ہونے والی بنیادی تعلیمات اور احکام کو مربوط انداز میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- شرح معانی الآثار کی کتاب الزکوۃ میں مذکور احکام و اصول کی روشنی میں موجودہ معاشرتی زندگی میں زکوۃ کے عملی اطلاق کی صورتیں بیان کریں اور واضح کریں کہ ان اصولوں سے معاشرے کے مستحق افراد کو کس طرح فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 2** کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر 1۔ شرح معانی الآثار کی کتاب الصوم میں مذکور روایات کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے روزے کے اہم احکام، شرائط، فرائض، مفسدات اور رخصتوں کو واضح کریں اور ان روایات سے مستنبط فقہی مسائل کا جامع تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مسند کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے امام احمد بن حنبلؒ کی علمی خدمات کا تجزیاتی جائزہ پیش کریں، نیز مسند امام احمد کی ترتیب، منہج تالیف اور نمایاں خصوصیات کا تجزیہ کرتے ہوئے علمِ حدیث میں اس کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ یونٹ نمبر 7 میں مذکور حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت انسؓ اور حضرت جابرؓ کی روایات کا مطالعہ کرتے ہوئے ان کے مرکزی مضامین، احکام اور باہمی مماثلت و اختلاف کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ یونٹ نمبر 8 میں مذکور روایات کو باہم مربوط کرتے ہوئے میت اور نمازِ جنازہ سے متعلق احکام و آداب کو جامع اور منظم انداز میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ امام ابو بکر ابن ابی شیبہؒ کے علمی تعارف اور حدیثی خدمات کا مختصر جائزہ پیش کرتے ہوئے، مصنف ابن ابی شیبہ کی روایات کی روشنی میں غزوۂ بدر اور غزوۂ موتہ کے اہم واقعات اور اسباق کو بیان کریں، نیز ان غزوات سے حاصل ہونے والے اصول و تعلیمات کو عصرِ حاضر کی اجتماعی زندگی میں عملی طور پر نافذ کرنے کی ممکنہ صورتوں کی وضاحت کریں۔ (20)